14-15\Format\logc
not found.

دی سٹی اسکول

بوائز کیمپس نارتھ ناظم آباد

مشق برائے تجزیہ

اردو

جماعت : ہفتم

نام:________________________	سیکشن:________________
تاریخ:________________________	

تفہیم

صنعتی ترقی نے ہمارے لئے نت نئے مسائل کا اضافہ کیا ہے۔ اُن میں سے ایک اہم اور بنیادی مسئلہ آلودگی کا ہے۔ زمین، پانی اور ہوا اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمتیں ہیں لیکن جدید صنعتی ترقی اور سائنسی انقلاب نے ان نعمتوں کو خالص نہیں رہنے دیا۔ کارخانوں اور فیکٹریوں سے نکلنے والے فاضل زہریلے مادے مٹی، پانی اور ہوا کو آلودہ کررہے ہیں۔ اس وجہ سے انسانی زندگی کو مسائل کا سامنا ہے۔

فیکٹریوں اور کارخانوں کا آلودہ پانی مٹی اور زیرِ زمین پانی کو بُری طرح متاثر کررہا ہے۔ اس وجہ سے آج ہیضہ، ٹائی فائیڈ، یرقان، اسہال اور کئی طرح کی دوسری بیماریاں عام ہیں۔ فیکٹریوں، کارخانوں سے نکلتا ہوا دھواں اور دھواں چھوڑتی ہوئی گاڑیاں فضائی آلودگی کا سبب ہیں۔

شور کی آلودگی اعصابی نظام کو بری طرح متاثر کررہی ہے جو نفسیاتی بیماریوں کے ساتھ ساتھ بلڈ پریشر، چڑ چڑے پن اور دل کی بیماریوں کا موجب ہے۔

ان آلودگیوں کو ختم کرنے کے لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ اپنے ماحول کو صاف ستھرا رکھیں۔ زہریلے اور فالتو مادوں کو ختم کرنے کا مناسب انتظام کریں۔ زیادہ سے زیادہ درخت اُگائیں۔

☆ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھئے۔

سوال نمبر۱۔ آلودگی سے کون سی قدرتی نعمتیں متاثر ہورہی ہیں؟

____

____

سوال نمبر۲۔ آلودہ پانی سے کون سی بیماریاں لاحق ہورہی ہیں؟

____

____

سوال نمبر۳۔ کون سی چیزیں فضائی آلودگی کا باعث ہیں؟

____

____

سوال نمبر۴۔ شور کی آلودگی ہمارے اعصابی نظام کو کس طرح متاثر کررہی ہے؟

____

____

سوال نمبر۵۔ آلودگی کو ختم کرنے کے لیے کن اقدامات کی ضرورت ہے؟

<u>**حصہ ادبیات**</u>

درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیے۔

ا۔محمود غزنوی اپنی رعایا کا خیال کس طرح کیا کرتے تھے؟

۲۔دوسرے چور کا وصف تھا؟

۳۔سبق   شاہ اور۔۔۔۔۔۔۔   سے آپ نے کیا سیکھا؟

<u>حصہ قواعد</u>

درج ذیل محاورات جملوں میں استعمال کریں۔

☆ زخموں پر نمک چھڑکنا۔۔

☆ دانت کھٹے کرنا۔۔

☆ کان کا کچا ہونا۔۔

خالی جگہوں میں خط کشیدہ الفاظ کے متضاد لکھیں۔

❀ کچھ پرندے <u>زندہ</u> اور کچھ۔۔۔۔۔۔۔   جانور کا شکار کرتے ہیں۔

❀ ہمارے علاقے کی گلیاں پہلے <u>کشادہ</u> تھیں مگر اب۔۔۔۔۔۔۔ ہوتی جارہی ہیں

❀ پی ایس ایل میں کوئٹہ کی ٹیم نے <u>شکست</u> کو۔۔۔۔۔۔۔ میں تبدیل کر دیا۔

❀ کچھ <u>محفل</u> کی جان لوگ اب۔۔۔۔۔۔۔ کا شکار ہو گئے ہیں۔

<u>حصہ انشاء پردازی</u>

علاقے کا خاکروب کئی کئی دن صفائی نہیں کرنے آتا علاقے کے ناظم کے نام خط لکھ کر صورتِ حال سے آگاہ کریں۔(۱۷۵الفاظ)